## لاہور،اسلام آباد،فیصل آباد اور کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور،اسلام آباد،فیصل آباد اور کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی طویل دورانیہ لوڈ شیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ لوڈ شیدنگ کے خاتمے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر مثبت اقدامات بروئے کار لائیں جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں بجلی کے شدید بحران جاری ہے جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات و پریشانیوں کا سامنا ہے اور وہ احتجاج پر مجبور ہورہے ہیں جبکہ ان شہروں میں بجلی کی گھنٹوں غیر اعلانیہ بندش سے صنعتی وتجارتی سرگرمیاں بھی ماند ہوکررہ گئیں ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کی سنگین صورتحال کے باوجود اس کے سدباب کیلئے کوئی پیش رفت نظر نہیں آرہی ہے جبکہ دوسری جانب سے بجلی کے بحران پر قابو پانے کے بجائے الٹا ہر ماہ بجلی کے نرخوں میں اضافہ کیا جارہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی بندش کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور شہریوں کو بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## مینار پاکستان لاہور میں ایم کیوایم کنونشن کا انعقاد پنجاب میں ایک بہت بڑی سیاسی ،نظریاتی تبدیلی کا پیغام لارہا ہے۔ڈاکٹر افتخار حسین بخاری

لاہور۔۔۔10،اپریل،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون کمیٹی کے سیکریٹری اطلاعات ڈاکٹر افتخار حسین بخاری نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مینار پاکستان لاہور میں ایم کیوایم کنونشن کا انعقاد پنجاب میں ایک بہت بڑی سیاسی اور نظریاتی تبدیلی کا پیغام لارہا ہے،اس کنونشن میں قائد تحریک جناب الطاف حسین براہ راست ٹیلیفونک خطاب فرمائیں گے اور پنجاب کے عوام کو اپنا محبت بھرا پیغام دیں گے۔پنجاب کنونشن کے سلسلے میں یوں تو دن رات تیاریاں جاری ہیں اور ہماری ٹیمیں گھر گھر عوام سے رابطے کا کام کررہی ہیں اور لوگوں کی اس میں شمولیت اور حوصلہ افزائی ایم کیوایم پر پنجاب کے عوام کا بھرپور اعتماد ہے،پھر بھی ہم یہاں کے مخیّر حضرات سے آپ دوستوں کے تعاون سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس عمل خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں،اس ضمن میں ہم اپنے اکاونٹ نمبر بھی پیش کررہے ہیں''اکاونٹ نمبر''1000863 برانچ کوڈ0073 مسلم کمرشل بینک واٹر پمپ برانچ،کراچی ہم اس پریس کانفرنس کے توسط سے پنجاب کے مزدوروں،کسانوں،ہاریوں،طلبہ وطالبات،خواتین،بزرگوں،ڈاکٹرز،وکلاء،اساتذہ،کھلاڑیوں،فنکاروں غرض ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوکر نہ صرف اسے کامیاب بنائیں بلکہ ایم کیوایم کی اس تحریک کا حصہ بھی بن جائیں جو مستقبل قریب میں ملک بھر کے عوام کی طرح پنجاب کے عوام کے بنیادی،سماجی،سیاسی اور معاشی حقوق کے حصول کے لئے ایک نئے جذبے اور توانائی کے ساتھ شروع کی جارہی ہے۔ہمیں یقین ہے کہ 25 اپریل کو پنجاب میں بھی حق پرستی کا ایک نیا سورج طلوع ہوگا (انشاءاللہ) جو نہ صرف پنجاب بھر کو اپنی کرنوں سے منور کردیگا بلکہ قائدِ تحریک الطاف حسین کی فکر،مقصد،مشن،پروگرام اور ان کے نظریے حقیقت پسندی اور عملیت پسندی سے ہی پنجاب کے عوام کو بنیادی حقوق میسر آئیں گے۔تاہم ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ پنجاب کے عوام کو اپنے جائز حقوق کے حصول کے لئے ایک طویل جدوجہد کرنی ہے لہٰذا جہاں ہم نے پنجاب کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اس پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوں وہاں پنجاب کے عوام سے یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ اپنے درمیان سے ایسے لوگوں کو نکالیں اور انہیں پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت دیں جو غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے کے علاوہ تعلیم یافتہ بھی ہوں جو اپنے حقوق کے حصول کے لئے ایک طویل جدوجہد کرنے پر یقین اور اس سلسلے میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کا عزم رکھتے ہوں،ایم کیوایم ایک عوامی جماعت ہے اور اس کا مقصد عوام کی حکمرانی اور عوام کی قیادتوں کا انتخاب ہے تاکہ عوام زیادہ سے زیادہ اقتدار میں شریک ہوسکیں،اس کنونشن میں پنجاب کے چاروں زونوں سے ذمہ داران،کارکنان اور عوام بھرپور شرکت کررہے ہیں اور لاہور زون کو امید ہے کہ سیکورٹی معیار اور ڈسپلن کے حوالے سے ایم کیوایم کا پنجاب کنونشن اپنی مثال آپ ہوگا۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین اظہر اقبال،سید افتخار علی،لاہور زون کے انچارج رانا یونس،جوائنٹ انچارجز مبین الدین قاضی ایڈووکیٹ،سید شاہین انور گیلانی،پروین اختر اور کمیٹی کے دیگر ممبران وکارکنان بھی موجود تھے۔

## پنجاب کنونشن کی کامیابی ثابت کردیگی کہ صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف کئے گئے منفی پروپیگنڈوں کو عوام نے مسترد کردیا ہے۔ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔10،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا صوبہ پنجاب کے مظلوم عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ 25اپریل کولاہور میں ہونے والے ایم کیوایم کے کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور ثابت کردیں کہ وہ فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے ایم کیوایم کا بھرپور ساتھ دیں گے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بھر سمیت صوبہ پنجاب کے عوام فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوچکے ہیں اور 25اپریل کولاہور میں ہونے والے ایم کیوایم کے کنونشن نے 2فیصد استحصالی طبقے کی نیندیں اڑادی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کنونشن کی کامیابی ثابت کردیگی کہ صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف کئے گئے منفی پروپیگنڈوں کوعوام نے مسترد کردیا ہےاور وہ اب حق پرستی کے قافلے میں شامل ہوگئے ہیں اور نام نہادسیاسی ومذہبی جماعتوں کو بار بار آزمانے کے بجائے ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہیں اور اپنے غضب شدہ حقوق کیلئے ایم کیوایم کی جانب امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے پنجاب بھر کے عوام سے ایک مرتبہ پھر اپیل کی کہ وہ 25،اپریل کولاہور میں ہونے والے ایم کیوایم کے کنونشن میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اپنے اعتماد کا ثبوت دیں۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے کارکن کاشف سلیم فائرنگ کی زدمیں آکر شہید ہوگئے
## الطاف حسین کا اظہار افسوس، کاشف سلیم کی فائرنگ سے شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

حیدرآباد۔۔۔10،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹرD یونٹ7/A کے کارکن کاشف سلیم فائرنگ کی زدمیں آکر شہید ہوگئے۔(انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حیدرآباد میں ایک جھگڑے کے دوران فائرنگ ہوئی جس کی زدمیں آکر کاشف سلیم شہید ہوگئے۔کاشف سلیم شہید کی عمر30 سال تھی اوران کے سوگواران میں والدہ،2 بھائی اور 1 بہن شامل ہیں۔شہید کو ٹنڈو یوسف حیدرآباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد،حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی سہیل یوسف،اکرم عادل،وسیم حسین،ایم کیوایم حیدرآباد زون کی زونل کمیٹی،سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کاشف سلیم کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹرD یونٹ7/A کے کارکن کاشف سلیم کے فائرنگ کی زدمیں آکر شہادت پر گہرے دکھ اوافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ کاشف سلیم شہید کی شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے کاشف سلیم شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین کے والد حاجی انعام اللہ انتقال کر گئے

## مرحوم کو شیر شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، تدفین میں رابطہ کمیٹی، مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام، نعت خواں حضرات اور مذہبی انجمنوں کے عہدیداران کی شرکت

## حاجی انعام اللہ کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین کے والد حاجی انعام اللہ انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 68 سال تھی۔ حاجی انعام اللہ مرحوم کو شیر شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ عثمان آباد میں واقع مدینہ مسجد میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ، حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب، ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد، دیگر اراکین، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، نعت خواں حضرات، مذہبی انجمنوں کے عہدیداران، ایم کیوایم لیاری سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین کے والد حاجی انعام اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ناصر یامین کے والد حاجی انعام اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137/A کے یونٹ انچارج ظہیر احمد کے والد حاجی رئیس احمد، ایم کیوایم نائن زیرو سیکورٹی میں خدمات انجام دینے والے کارکن ندیم شرافت کی والدہ محترمہ بدرالنساء، ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 67/A کے کارکن حیدر علی کی والدہ محترمہ کنیز فاطمہ، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن احسن جمال کے والد لئیق جمال، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 1 کے کارکن حیات خان کے والد بخت زمین اور ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ A-134 کے کارکن رفعت قادری کے والد عبدالمنان قادری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆